سوال

(63) بارش کے پانی سے علاج

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بارش کے پانی پر چاروں قل یا کوئی دعا پڑھ کر پینے کی کوئی روایت حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے، کیا بارش کے پانی پر دم کر کے پینے سے بیماری کا علاج ہوتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالی نے ہر زندہ چیز کو پانی سے پیدا فرمایا ہے، پانی خواہ بارش کا ہو یا دوسرا ہو، اس میں متعدد فوائد پائے جاتے ہیں، اور حکماء کے ہاں پانی بے شمار بیماریوں کا علاج ہے، انسان کھائے بغیر تو زندہ رہ سکتا ہے مگر پانی کے بغیر زندہ رہنا نا ممکن ہے۔ انسانی جسم میں پانی کی شرح خون میں تقریباً 95% ہے۔ جس کا ہر عضو پانی کا محتاج ہے۔۔ باقی آپ نے جس روایت کا تذکرہ کیا ہے ایسی کوئی روایت ہمارے علم میں نہیں ہے، اس معنی کی ایک روایت شیعہ کے مصادر میں پائی جاتی ہے، جس کا حقیقت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہاں البتہ آب زمزم ایک ایسا پانی ہے جس کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ یہ جس نیت سے پیا جائے، وہ پوری ہو جاتی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ بن باز رحمہ اللہ

جلد دوم